AQF / Shabbir

06-06-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 NDA نے حکومت سازی کا عمل شروع کردیا ہے اور وزیراعظم نریندر مودی کو اپنا لیڈر منتخب کیا ہے۔

.2 I.N.D.I.A اتحاد انتظار کرنے اور آگے کے حالات پر نظر رکھنے کی پالیسی اپنائے ہوئے ہے۔

.3 سبکدوش ہونے والے مرکزی وزراء کی کونسل نے کل راشٹرپتی بھون میں الوداعی عشائیے میں شرکت کی۔

.4 اتراکھنڈ میں کوہ پیمائی مہم کے 9 ارکان ہلاک ہوگئے۔

.5 بھارت نژاد امریکی خلاء باز سنیتاولیمز انسانی عملے والے مشن میں خلاء میں اڑان بھرنے والی پہلی خاتون بن گئی ہیں۔

.6 اور ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں نیویارک میں بھارت نے آئر لینڈ کو 8 وکٹ سے ہرادیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

NDA MEETING

نیشنل ڈیموکریٹک الائنس NDA نے مرکز میں نئی حکومت کی تشکیل کیلئے عمل شروع کردیا ہے۔ حکمراں NDA کی جانب سے کل متفقہ طور پر وزیراعظم نریندر مودی کو اپنا لیڈر منتخب کئے جانے کے ساتھ ہی حکومت سازی کی تیاریاں شروع ہوگئی ہیں۔ کل نئی دلّی میں NDA کے لیڈروں کی میٹنگ کے دوران ایک قرار داد منظور کی گئی، جس میں اس بات کا ذکر کیا گیا کہ بھارت نے جناب مودی کی قیادت میں NDA حکومت نے گزشتہ 10 سال کے دوران ہر شعبے میں ہمہ گیر ترقی کی ہے۔ قرار داد میں اس بات کا بھی ذکر کیا گیا ہے کہ ملک کے عوام نے 6 دہائیوں کے بعد لگاتار تیسری مدت کیلئے واضح اکثریت کے ساتھ ایک مضبوط قیادت منتخب کی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ لگاتار تیسری مدت کی حکومت کیلئے یہ ایک تاریخ مینڈنٹ ہے۔

میٹنگ کے دوران اس بات پر بھی متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ NDA حکومت ملک کی ہمہ گیر ترقی کیلئے کام کرتی رہے

گی۔ NDA میں شریک اتحاد پارٹیوں نے کہا ہے کہ جناب مودی وکست بھارت کیلئے ایک واضح ویژن رکھتے ہیں۔ ان لیڈروں نے دنیا میں بھارت کی عظمت کو بڑھانے میں وزیراعظم کے کردار کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے غربت دور کرنے کیلئے اُن کی کوششوں کو بھی سراہا۔ NDA کی میٹنگ نئی دلّی میں وزیراعظم کی رہائش گاہ پر منعقد ہوئی تھی۔ جناب مودی کے علاوہ بی جے پی صدر جے پی نڈا اور بی جے پی کے سینئر رہنما راج ناتھ سنگھ اور امت شاہ نے بھی اس میٹنگ میں شرکت کی۔

تیلگو دیشم پارٹی کے سربراہ این چندرا بابو نائیڈو، جنتادل یونائیٹڈ کے لیڈر اور بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار، شیوسینا شندے گروپ کے لیڈر اور مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے، لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس پاسوان کے لیڈر چراغ پاسوان، اپنا دل کی لیڈر انوپریہ پٹیل، آر ایل ڈی کے لیڈر جینت چودھری، جنتا دل ایس کے ایچ ڈی کماراسوامی، ہندوستانی عوامی مورچہ کے لیڈر جیتن رام مانجھی، جن سینا پارٹی کے لیڈر پون کلیان اور NDA کی حلیف پارٹیوں کے دیگر لیڈران بھی میٹنگ میں موجود تھے۔×

**INDIA BLOK MEET**

مرکز میں حکومت تشکیل دینے کے بارے میں اپنی حکمت عملی وضع کرنے کی خاطر کل نئی دلّی میں I.N.D.I.A اتحاد کی میٹنگ ہوئی۔ یہ میٹنگ نئی دلّی میں کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے کی سرکاری رہائش گاہ پر منعقد ہوئی تھی۔

I.N.D.I.A اتحاد کی میٹنگ کے دوران کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے نے بتایا کہ یہ مینڈٹ وزیراعظم نریندر مودی کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک بڑا سیاسی نقصان ہے اور جناب مودی کی اخلاقی شکست ہے۔ جناب کھڑگے نے کہا کہ I.N.D.I.A اتحاد سبھی پارٹیوں کا خیر مقدم کرتا ہے، جنہوں نے ہمارے آئین کی تمہید میں درج اقدار کے تئیں اپنے بنیادی عزم کو مشترک کرتا ہے۔

I.N.D.I.A اتحاد نے اس بات کا اشارہ دیا ہے کہ وہ اپوزیشن میں بیٹھیں گے اور I.N.D.I.A اتحاد مناسب وقت پر مناسب اقدامات کرے گا تاکہ عوام کی خواہشات کو پورا کیا جاسکے۔ جس کو بی جے پی حکومت کے ذریعہ پورا نہیں کیا جاسکا۔

I.N.D.I.A اتحاد کی میٹنگ کے بعد میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے نے کہا کہ اتحاد کے شراکت داروں نے ملک میں موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

کانگریس لیڈر سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی، جے ایم ایم کی کلپاسورین، عام آدمی پارٹی کے سنجے سنگھ، سماج وادی پارٹی کے لیڈر اکھلیش یادو، آر جے ڈی کے تیجسوی یادو، سی پی آئی ایم کے لیڈر سیتا رام یچوری، این سی پی (ایس پی) کے لیڈر شردپوار، ڈی ایم کے کے سربراہ ایم کے اسٹالین اور دیگر سیاسی لیڈر میٹنگ میں موجود تھے۔×

**PREZ CABINET DINNER**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل راشٹرپتی بھون میں سبکدوش ہو رہی کابینہ کیلئے الوداعی عشائیے کی میزبانی کی۔ وزیراعظم نریندر مودی کے ہمراہ مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ، امت شاہ، نرملا سیتا رمن اور نتن گڈکری سمیت کئی دیگر وزیروں نے عشائیے میں شرکت کی۔ اس سے قبل وزیراعظم مودی نے وزراء کی کونسل کے ساتھ اپنا استعفیٰ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو سونپا۔

**UTTRAKHAND-TREKKERS**

اتراکھنڈ میں Sahastra Tal کے نزدیک کرناٹک کی 9 ارکان پر مشتمل کوہ پیما ٹیم خراب موسم کی وجہ سے اپنا راستہ کھونے کے بعد ہلاک ہوگئی۔ اس ٹیم میں 22 ارکان تھے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب کوہ پیما ٹیم منگل کو Sahastra Tal سے واپس لوٹ رہی تھی۔ کوہ پیما ٹیم کے 13 ارکان کو بھارتی فضائیہ NDRF اور SDRF کی طرف سے تلاشی اور بچاؤ کی مشترکہ کارروائیوں کے دوران بچالیا گیا ہے۔ Sahastra Tal اتراکھنڈ کے گڑھوال خطے میں 15 ہزار فٹ کی اونچائی پر واقع ہے۔

کرناٹک کے وزیراعلیٰ سدارمیا نے کہا ہے کہ Sahastra Tal کے نزدیک خراب موسم کے بعد ریاست کے کوہ پیما کے 9 ارکان کی موت کی خبر سے ان کو دکھ ہوا ہے۔ انہوں نے ریوینیو کے وزیر کرشنا Byre گوڑا کو بھی ہدایت دی ہے کہ وہ دہرہ دون جائیں، تاکہ بچ جانے والے باقی کوہ پیما ٹیم کے سبھی ارکان کو بحفاظت واپس لایا جاسکے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**SUNITA WILLIAMS NASA**

بھارت نژاد NASA کی خلا باز سنیتا ولیمز، Butch Wilmore کے ساتھ Boieng Starline کے پہلے انسانی عملے والے مشن میں خلا میں اڑان بھرنے والی پہلی خاتون بن گئی ہیں۔ 59 سالہ ولیمز نے خلائی جہاز کے پہلے مشن پر اڑان بھرنے والی پہلی خاتون بن کر تاریخ رقم کی ہے۔ عملے کو کل فلوریڈا کے Cape Canaveral Space Force Station میں واقع اسپیس لانچ کمپلیکس 41 سے یونائیڈ لانچ الائنس کے Atlas V rocket پر سوار کرکے روانہ کیا گیا۔ یہ پرواز گذشتہ برسوں کے دوران کئی مرتبہ کی تاخیر کے بعد ممکن ہوسکی ہے۔

انسانی عملے کے ساتھ پہلی پرواز 7 مئی کو طے ہوئی تھی لیکن Helium کے لیک ہونے اور بعد میں ULA میں زمینی بجلی کی فراہمی کے مسئلے کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہوئی۔ پرواز کی یہ تیسری کوشش ہے۔ اس پرواز کے لیے موسم کے حالات

90 فیصد سازگار تھے۔ Butch Wilmore پرواز کی کمانڈ کریں گے، جبکہ سنیتا ولیمز پرواز کی پائلٹ ہوں گی۔ یہ دونوں زمین پر واپس آنے سے پہلے تقریباً ایک ہفتے تک بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر قیام کریں گے۔ Starliner مشن کا مقصد NASA کے مستقبل کے مشنوں کے لیے خلابازوں اور کارگو کو کرۂ ارض کے نچلے مدار میں اور اس سے آگے لے جانا ہے۔x

## CBIC TRADE

تجارت میں آسانی فراہم کرنے کی کوشش کے تحت بالواسطہ ٹیکسوں اور کسٹمز کے مرکزی بورڈ CBIC نے کل سے برآمد کاروں کے بینک اکاؤنٹ میں ڈیوٹی ڈرا بیک کی رقم کو الیکٹرانک طور پر تقسیم کرنا شروع کردیا ہے۔ ڈیوٹی ڈرا بیک واپس کی جانے والی ایک رقم ہے جو غیر ملکی سامان کی درآمد پر ابتدائی طور پر وصول کی جاتی ہے۔

ایک ریلیز میں وزارت خزانہ نے کہا کہ برآمد کنندگان کے کھاتوں میں ڈیوٹی ڈرا بیک کی رقم کی ادائیگی مالیات کے بندوبست کے سرکاری نظام PFMS کے ذریعے خود کار طریقے سے ہو جائے گی۔ اِس نئے عمل سے ریفنڈس کی تقسیم کے طریقۂ کار میں ہاتھ سے کیے جانے والے عمل کو ختم کرکے نیز شفافیت میں اضافہ کرکے ریفنڈس کی رقم کی ادائیگی میں لگنے والے وقت میں کمی آنے کی امید ہے۔

وزارت نے مزید کہا کہ CBIC تجارت میں آسانی کے ذریعے کاروبار کو بہتر بنانے کی بھارت کی کوششوں میں کلیدی رول ادا کرتا ہے۔ عالمی تجارتی ادارے WTO کے تجارتی سہولت کاری کے معاہدے کے مکمل نفاذ کے ساتھ CBIC کا مقصد اب اگلے سلسلے کی تجارتی سہولت کاری اصلاحات کرنا ہے۔x

## DEFENCE MOU

وزارت دفاع کے دفاعی اکاؤنٹس محکمے نے نئی دلی میں بینک آف انڈیا، Canara بینک، سینٹرل بینک آف انڈیا اور اُتکرش اِسال فائنانس بینک کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں، تاکہ اُنھیں پینشن ایڈمنسٹریشن رکشا کے نظام، اِسپرش سروس سینٹرس، کے طور پر شامل کیا جا سکے۔

وزارت نے کہا کہ یہ مفاہمت نامہ پینشن یافتگان کو آخری سرے تک کنکٹوٹی فراہم کرے گا، خاص طور پر دور دراز کے علاقوں میں جہاں اُن کے پاس اِسپرش میں لاگ اِن کرنے کے لیے تکنیکی سہولت موجود نہیں ہے۔ یہ سروس سینٹرس اِسپرش کے پینشن یافتگان کے لیے ایک انٹرفیس بن جائیں گی، جو ان کی پروفائل، اندراج، سالانہ ڈجیٹل شناخت اور ڈیٹا کی تصدیق کے علاوہ اُن کی ماہانہ پینشن سے متعلق تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے ایک مؤثر ذریعہ فراہم کریں گے۔ اِسپرش وزارت دفاع کا ایک اقدام ہے جس کا مقصد دفاع فوج سے سبکدوش ہونے والے پینشن یافتگان کو جامع حل فراہم کرتا ہے۔ دفاعی پینشن کے انتظام میں یہ بنیادی تبدیلی ہے کیونکہ یہ کارکردگی، جوابدہی اور شفافیت لانے پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔x

**PM GLOBAL LEADERS**

عالمی رہنماؤں نے وزیراعظم نریندر مودی اور اُن کی پارٹی کو، لوک سبھا انتخابات میں لگاتار تیسری بار کامیابی حاصل کرنے پر مبارکباد دی ہے۔

امریکہ کے صدر جوبائیڈن نے وزیراعظم مودی، NDA کو اس کی جیت کے علاوہ اس تاریخی الیکشن میں تقریباً 650 ملین رائے دہندگان کو مبارک باد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب بائیڈن نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان دوستی لامحدود امکانات کے مشترکہ مستقبل کے طور پر بڑھ رہی ہے۔ برطانیہ کے وزیراعظم رِشی Sunak نے بھی وزیراعظم مودی کو الیکشن میں جیت پر انہیں مبارک باد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب Sunak نے کہا ہے کہ برطانیہ اور بھارت کے درمیان انتہائی قریبی دوستانہ تعلقات ہیں اور دونوں ہی ملک ہر محاذ پر ایک ساتھ ہیں اور یہ دوستی اسی طرح برقرار رہے گی۔

روس کے صدر ولادیمیرپوتن نے بھی جناب مودی کو، اُن کی کامیابی پر مبارک باد دی ہے۔ جناب پوتن نے کہا کہ الیکشن نتائج نے جناب مودی کی ذاتی اعلیٰ سیاسی قوت کو ایک بار پھر ثابت کردیا ہے۔ بھارت کی تیز تر سماجی، معاشی ترقی کیلئے حمایت کرنے اور عالمی سطح پر ان کے مفادات کے تحفظ کی حمایت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ روس بھارت کے ساتھ ایک مخصوص کلیدی شراکت داری پر مبنی تعلقات کو زبردست اہمیت دیتا ہے۔

اس سے پہلے اِٹلی، ماریشس، بھوٹان، نیپال، مالدیپ، سری لنکا، Comoros، لتھوانیہ، کینیا، چیک جمہوریہ، سربیا، نائیجیریا، اسپین، ایران، یوکرین اور ملیشیا سمیت دنیا کے عالمی لیڈروں نے بھی وزیراعظم کو، اُن کی شاندار کامیابی پر مبارک باد دی ہے۔

اسی دوران وزیراعظم نے ان سبھی لیڈروں کی طرف سے نیک خواہشات اور مبارک باد پیش کرنے کیلئے ان کا شکریہ ادا کیا ہے اور کہا ہے کہ بھارت اپنی شراکت داری کو مزید وسعت دینے کیلئے ان سبھی ملکوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا منتظر ہے۔×

**IMD-WEATHER**

اگلے 6 روز کے دوران شمال مشرقی خطے، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں بجلی کڑکنے اور گرج چمک کیساتھ ہلکی سے معتدل بارش ہوگی۔کل تک شمال مغربی بھارت میں کچھ مقامات پر بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Rahisuddin

*بھارت کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے تین سے چار روز کے دوران جموں وکشمیر، لداخ، گلگت،بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اترا کھنڈ میں اسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ مدھیہ پردیش، اترپردیش، جھارکھنڈ، پنجاب، ہریانہ، راجستھان اور اوڈیشہ میں اگلے تین سے چار دن کے دوران لو چلے اور موسم گرم رہے گا۔ جنوب مغربی مانسون کے بارے میں محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون کے اگلے تین سے چار دن کے دوران*

وسطی بحیرہ عرب کے باقی حصوں، کرناٹک کے باقی کچھ حصوں، جنوبی مہاراشٹر کے کچھ حصوں، تلنگانہ کے مزید حصوں اور ساحلی آندھرپردیش کے علاوہ جنوبی چھتیس گڑھ اور جنوبی اوڈیشہ کے کچھ حصوں کی طرف پیش قدمی کرنے کیلئے حالات سازگار ہیں۔

نئی دلی سے رئیس الدین ریحان کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں

## ICC-CRICKET WC

نیویارک میں Nassau کاؤنٹی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ICC عالمی کپ میں کل رات بھارت نے اپنے گروپ مرحلے کے مقابلے میں آئرلینڈر کو 8 وکٹ سے ہرادیا۔ آئر لینڈ کی پوری ٹیم کو بھارتی گیند بازوں نے 16 اوورس میں محض 96 رن پر آؤٹ کردیا۔ قابل ذکر ہے کہ آئرلینڈ کو پہلے بلے بازی کرنے کو کہا گیا تھا۔ بھارت کی طرف سے ہاردک پانڈیا نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، جبکہ جسپریت بمرا اور ارشدیپ سنگھ نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

جواب میں بھارتی ٹیم نے جیت کا اپنا نشانہ 12 اوورس اور دو گیندوں میں دو کھلاڑیوں کے نقصان پر آسانی سے حاصل کرلیا۔ کپتان روہت شرما کے 52 اور Rishabh پنت کے 36 رن نے اس جیت میں اہم کردار ادا کیا۔ اگلے گروپ مرحلے کے میچ میں بھارت کا مقابلہ اس ماہ کی 9 تاریخ کو پاکستان سے ہوگا۔ اس کے بعد 12 جون کو بھارت کا سامنا مشترکہ میزبان امریکہ سے ہوگا۔ بھارتی ٹیم اس ماہ کی 15 تاریخ کو کنیڈا کے خلاف فائنل گروپ میچ کیلئے فلوریڈیا کیلئے روانہ ہوجائے گی۔x

## FIFA WC

بھارت کے سرکردہ فٹبال کھلاڑی Sunil Chetri کولکتہ میں سالٹ لیک Lake اسٹیڈیم میں آج کویت کے خلاف فیفا عالمی کپ 2026 کے اہم کوالیفائر میچ میں آخری مرتبہ قومی ٹیم کی قیادت کریں گے۔

Chetri کے ریٹائرمنٹ کے ساتھ ہی ان کا شاندار 19سالہ بین الاقوامی کیریئر بھی ختم ہوجائے گا۔ فی الحال بھارت گروپ A میں ہے: جس میں اس نے چار میچوں میں چار پوائنٹس حاصل کیے ہیں۔ اسے عالمی کپ میں اپنی امیدیں برقرار رکھنے کے لیے ایک میچ میں جیت کی ضرورت ہے، جبکہ افغانستان کے چار پوائنٹس ہیں۔کویت کے تین پوائنٹس ہیں۔ تاہم ایک میچ میں جیت سے کوالیفائر کے تیسرے راؤنڈ میں پہنچنے کے لیے بھارت کی پوزیشن مستحکم ہوجائے گی اور AFC ایشین کپ 2027 میں جگہ حاصل کرلے گا۔x

## BADMINTON

بھارت کی نامور بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو کل جکارتا میں Chinese Taipei کی Hsu Wen-chi سے پہلا راؤنڈ ہارنے کے بعد انڈونیشن اوپین 2024 سپر 1000 ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئی ہیں۔ اولمپک میں دوبار تمغہ جیتنے والی اور موجودہ عالمی نمبر 2 کھلاڑی سندھو کو پندرہ-اکیس، اکیس- پندرہ اور چودہ-اکیس سے شکست ہوئی۔ اس طرح وہ اس ٹورنامنٹ سے جلد ہی باہر ہوگئیں۔

البتہ اشونی پونپّا اور Tanisha Crasto کی بھارتی جوڑی Jackie Dent اور Crystal Lai کی کنیڈیائی جوڑی کو اکیس- پندرہ، اکیس- پندرہ سے ہرانے کے بعد خواتین کے ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔ Treesa Jolly اور گائیتری گوپی چند کی خواتین کی ڈبلز کی جوڑی کے علاوہ مردوں کے سنگلز میں پریانشو Rajawat اور لکشیہ سین کے ساتھ ساتھ بی سُمِت ریڈی-N.Sikki Reddy کی مکسڈ ڈبلز کی جوڑی نے منگل کو اپنے پہلے راؤنڈ کے میچ جیت لئے ہیں اور وہ آج اگلے راؤنڈ کے میچ کھیلیں گے۔×

## FRENCH OPEN

فرنچ اوپن ٹینس کے سیمی فائنل میں آج روہن بوپنّا اور Mathew Ebden کی بھارتی آسٹریلیا کی جوڑی کا مقابلہ Simone Bolell اور Andrea Vavasson کی اٹلی کی جوڑی سے ہوگا۔

کل بھارتی آسٹریلیائی جوڑی نے مردوں کے ڈبلز کوارٹر فائنل میں Sander Gille اور Joran Vligen کی بیلجیم کی جوڑی کو ساتھ-چھ (تین)، پانچ-سات، چھ-ایک سے ہرایا تھا۔ اس جیت کے ساتھ ہی بوپنّا تین سال کے عرصے کے اندر Roland Garros میں دوسری مرتبہ مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچے ہیں۔ اس سے پہلے بوپنا نے 2017 میں کناڈا کے Gabriela کے ساتھ فرنچ اوپن میں مکسڈ ڈبلز کا خطاب جیتا تھا۔×

## ISSF SHOOTING

میونخ میں جاری عالمی شوٹنگ اسپورٹ فیڈریشن ISSF عالمی کپ برائے رائفل / پسٹل کے فائنل میں بھارتی شوٹر سربجیت سنگھ نے 588 اسکور کے ساتھ مردوں کی 10 میٹر ائر رائفل پسٹل میں سرفہرست مقام حاصل کیا ہے۔

ریتا اور ایشا سنگھ کے بعد سربجیت سنگھ تیسرے ایسے بھارتی کھلاڑی ہیں جو میونخ عالمی کپ میں میڈل راؤنڈ تک پہنچے ہیں۔ خواتین کے 50 میٹر ایر رائفل میں تیسری پوزیشن ایونٹ میں انجم مُدگل 591، Sift Kaur Samra 588 ، اور 588 Ashi Chouksey آسانی کے ساتھ Elimination Round میں پہنچیں۔ مردوں کے تیسری پوزیشن ایونٹ میں 592 Chain Singh، Swapnil Kusale اور ایشورے پرتاپ سنگھ تومر نے بھی اپنا Elimination Round عبور کیا۔

آج وہ اپنا Qualification راؤنڈ کا مقابلہ کھیلیں گے۔ تمغوں کی تعداد میں چین چار طلائی تمغوں کے ساتھ سرفہرست ہے جب کہ فرانس ایک گولڈ کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسداللہ

شکریہ - محمد عمار

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے 17 ویں لوک سبھا تحلیل کئے جانے اور جناب نریندر مودی کے متفقہ طور پر NDA کے لیڈر منتخب ہونے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔

راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: نریندر مودی متفقہ طور پر NDA کے لیڈر منتخب۔ وزیراعظم کی رہائش گاہ پر منعقدہ میٹنگ میں 16 پارٹیوں کے 21 رہنماؤں نے شرکت کی۔ روزنامہ پرتاپ نے NDA کی تیسری مرتبہ جیت پر نیتن یاہو اور زیلنسکی سمیت عالمی رہنماؤں کی مبارکباد کو اپنی ذیلی سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس، راشٹریہ سہارا اور پرتاپ سمیت کئی اخباروں نے آندھرا پردیش میں تیلگودیشم پارٹی کے سربراہ این چندرا بابو نائیڈو کی بطور وزیراعلیٰ 9 جون کو حلف برداری اور اڈیشہ کے وزیراعلیٰ نوین پٹنائک کے استعفیٰ کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اخباروں نے، عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت سے ملک بھر میں کل منعقد کئے گئے پروگراموں کو خصوصیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب لکھتا ہے کہ ’’شجر کاری بیحد ضروری، درخت ماحول کو درست رکھتے ہیں اور ماحولیاتی کثافت کو دور کرتے ہیں۔‘‘ اخباروں نے دلی آبکاری پالیسی معاملہ میں اروند کیجریوال کی عبوری ضمانت میں توسیع کی درخواست کو مسترد کئے جانے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیاہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

- سعودی کابینہ کا اجلاس، حج سیزن کی تیاریوں کا جائزہ۔
- امریکی وزیر خارجہ کی انٹونیو گتریس سے ملاقات، غزہ کی صورتحال پر تبادلۂ خیال۔
- اور : فلسطینی فوٹو جرنلسٹ نے فرانس کا بڑا انعام، فریڈم پرائز جیتا۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. **NDA** نے حکومت سازی کا عمل شروع کردیا ہے اور وزیراعظم نریندر مودی کو اپنا لیڈر منتخب کیا ہے۔
2. **I.N.D.I.A** اتحاد انتظار کرنے اور آگے کے حالات پر نظر رکھنے کی پالیسی اپنائے ہوئے ہے۔
3. سبکدوش ہونے والے مرکزی وزراء کی کونسل نے کل راشٹرپتی بھون میں الوداعی عشائیے میں شرکت کی۔
4. اتراکھنڈ میں کوہ پیمائی مہم کے **9** ارکان ہلاک ہوگئے۔
5. بھارت نژاد امریکی خلاء باز سنیتاولیمز انسانی عملے والے مشن میں خلاء میں اڑان بھرنے والی پہلی خاتون بن گئی ہیں۔
6. اور ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں نیویارک میں بھارت نے آئر لینڈ کو **8** وکٹ سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---